سوال

(204)قیامت کے دن بیوی کس خاوند کے ساتھ ہوگی؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید نے ہندہ کے ساتھ نکاح کیا بعدچند روزیا چند ماہ یا چند سال قبل تولد اولاد یا بعد تولد اولاد زید کا انتقال ہوا۔ بعدہ بعد عدت ہندہ نے نکاح ثانی عمرو کے ساتھ کرلیا اب اس میں دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ روزقیامت کے حساب کے بعد مثلاً: زید بہ باعث نیکوکاری جنتی ہوااورہندہ برعکس اس کے اور دوسرے صورت یہ کہ زیدہندہ دونوں جنتی ہوئے بہرکیف جنت میں ہندہ زید کوملے گی یا عمروکو؟مرسلہ: احمد محمدی ازمکان مولوی غلام یحییٰ صاحب وکیل ہائیکورٹ۔ الہ آباد۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت کواختیار دیا جائے گا جس کو چاہے اختیار کرلے اور بعض روایت سے مستفاد ہوتا ہے کہ جوشوہر دنیا میں اس کے ساتھ حسن خلق کے ساتھ زیادہ برتاؤ رکھتا تھا۔[1] بعض سے ظاہر ہوتا ہے کہ آخری شوہر کو دی جائے گی۔[2] (معجم طبرانی ومسند بزار وطبقات ابن سعد) واللہ اعلم بالصواب۔ کتبہ: ابوالفیاض محمد عبد القادراعظم گڈھی مؤی۔ مہر مدرسہ (25/9/94)

ھوالموفق:۔

اس بارے میں کہ عورت کس شوہر کوملے گی؟ وہی تین روایتیں جوجواب میں لکھی گئی ہیں نقل کی جاتی ہیں مگر جن کتابوں سے یہ روایتیں نقل کی جاتی ہیں وہ یہاں موجود نہیں کہ ان میں دیکھ کران روایتوں کا صحیح ہونا یا ضعیف ہونا معلوم ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔ کتبہ: محمد عبدالرحمن مبارکپوری۔

---

[1]۔ المعجم الکبیر(23/367)امام ہیثمی فرماتے ہیں۔ "رواہ الطبرانی وفیہ سلیمان بن ابی کریمہ ضعفہ ابوحاتم وابن عدی"

[2]۔ المعجم الاوسط(3/275)السلسلۃ الصحیحہ رقم الحدیث(1281)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب النکاح، صفحہ: 396

محدث فتویٰ